Education - 9th Class Education Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. تعلیم کے ادارے کون کون سے ہیں؟

Ans 1: معاشرے کے مقررکردہ اساتذہ مخصوص طیقہ ہائے تدریس استعما ل کر کہ تعلیمی اداروں میں جو تعلیم دیتے ہیں وہ رسمی تعلیم کہلاتی ہے اور یہ ادارے سکول،کالج ،یونیورسٹیاں اور ایسےدوسرے تعلیمی ادارے رسمی تعلیم کے ادارے کہلاتے ہیں.

Q2. کائنات کا خالق کون ہے

Ans 1: کائنات کا خالق اور مالک اللہ تعالی ہے

Q3. مومن کی گم گشتہ میراث کیا ہے

Ans 1: حضرت ﷴ فرماتے تھے کہ بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا ہے آپ یہ بھی فرماتے تھے کہ علم مسلمان کیی گم گشتہ میراث ہے جہاں سے بھی ملے اسے حاصل کرو

Q4. تعلیم پر مختصر نوٹ لکھیں.

Ans 1: انگریزی میں تعلیم کے لیے لفظ ایجوکیشن استعمال ہوا ہے.جس کے معنی تربیت دینا،نشونما کرنا، کسی خاص سمت میں رہنمائی کرنا اور مخفی صلاحیتوں کو جلا دینا کہ ہے.اسطرح تعلیم یا ایجوکیشن کے مفہوم سے واضح ہوتا ہے کی انسان کے اندر چھپی اور کھلی جو صلاحیتں قدرت نے رکھی ہیں ان کو بروے کار لانے میں مدد دینا تعلیم ہے.

Q5. مختلف آرا کی روشنی میں تعلیم کا مفہوم واضح کریں

Ans 1: مختلف ماہرین تعلیم نے کے مفہوم کو واضح کرنے کےلیے تعلیم کی مختلف تعریفیں کی ہیں بعض نے تعلیم کو سچائی کی تلاش کا عمل قرار دیا ہے بعض کہتے ہیں کہ تعلیم انسان کو انسان بناتی ہے بعض کے نزدیک تعلیم معاشرے کے ساتھ مطابقت پیدا کرنے کا عمل ہے بعض کی رائے میں تعلیم قوم کے تہذیبی ورثے کی حفاظت کرتی ہے اس کی اصلاح کرتی ہے اور قومی ثقافت کونسل درنسل منتقل کرتی ہے

Q6. تعلیم کے دو مقاصد تحریر کریں

Ans 1: اسلام میں تعلیم کے ذریعہ افراد معاشرہ کو اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ ان کیذہنوں میں اللہ تعالی کی بندگی کا تصور پوری طرح واضح اور پختہ ہوجائے ان کی تمام کا وشوں کا مرکزی مقصد رضائے الہی کا حصول ہوتا ہے یہی اسلامی تعلیم ہے اور یہی اسلامی تعلیم کامد عا اور مقصد بھی ہے

Q7. سابقہ سوویت یونین کے تناظر میں دومقاصد تعلیم تحریر کریں

Ans 1: سابقہ سوویت یونین میں مقاصد تعلیمی طے کرتے وقت اس بات پر زور دیا جاتا تھا کہ اس کے نظام تعلیم سے فارغ ہونے والا شخص اچھا اشترا کی شہری ہو نصاب تعلیم بھی ایسا مرتب کیا جاتا تھا جو اشترا کی فلسفے کو پھیلانے کا باعث بنے

Q8. تعلیم ایک معاشرتی عمل ہے مختصر وضاحت کریں

Ans 1: حقیقت میں تعلیم ایسا معاشرتی عمل ہے جس سے افراد معاشرہ کو ایسی رہنمائی حاصل ہوتی ہے جس سے ان کی ہمہ پہلو تربیت اور نشوونما ممکن ہوجاتی ہے تعلیم مخفی شخص کو اس کے خول سے باہر نکالتی اور معاشرے کا ایک مفید کن بنادیتی ہے قوموں کی ترقی کا انحصار تعلیم یا فتہ افراد پر ہوتا ہے

Q9. علم اور تہذیبی روایات اولاد تک کیسے منتقل ہوئیں اور ان کا معاشرہ پر کیا اثر ہوا

Ans 1: جون جون انسانوں کی تعداد پڑھی گئی خاندان اور قبیلے وجود میں آئے اور معاشرہ بڑا بنتا گیا علم اور تہذیبی روایات والدین سے اولاد کو سینہ سینہ منتقل ہوتی رہیں لیکن یہ تہذیب وثقافت صرف اہم ورواج تک کی قائل تھیں جس کی وجہ سے یہ جہاں جہاں پھیلتی گئیں معاشرے کی تہذیب اور ثقافت میں بگاڑ پیدا ہوتا گیا

Q10. امام غزالی نے تلیم کے مفہوم کی وضاحت کس طرح کی ہے

Ans 1: امام غزالی تعلیم کے مفہوم کی وضاحت کرتے ہوے فرماتے ہیں کہ تعلیم ایسا ذریعہ ہے جس کی مدد سے انسان اللہ کاقرب حاصل کرلیتا ہے